نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کپاس کے عالمی دن کے حوالے سے ملتان میں تقریب کا انعقاد،صوبائی وزیر زراعت پنجاب ایس ایم تنویر کی شرکت۔

آئندہ 2ماہ میں زرعی سیکٹر کے فروغ کے لئے 10 سالہ ماسٹر پلان کا اعلان کردیا جائے گا،ایس ایم تنویر

وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر کپاس کی بحالی کے لئےخصوصی مہم چلائی گئی جو کاشتکاروں اور ملکی معیشت کیلئے گیم چینجر ثابت ہوگی۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور 07اکتوبر 2023: عالمی یوم کپاس کے حوالے سے پاکستان کاٹن جینرز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ملتان میں تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں نگران صوبائی وزیر صنعت وتجارت اور زراعت ایس ایم تنویر نے نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی نمائندگی کرتے ہوئے شرکت کی۔اس موقع پر نگران صوبائی وزیر ایس ایم تنویر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کپاس کی کاشت اور پیداوار بڑھانے کے لئے وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی اوران کی ٹیم نے بہت محنت کی ہے جس وجہ سے اس سال 7ملین سے زائد کپاس کی گانٹھیں حاصل ہوں گی. انہوں نے مزید کہا کہ کپاس کا عالمی دن منانے کا مقصد کپاس کی اہمیت کو نہ صرف پاکستان بلکہ عالمی سطح پر اجاگر کرنا ہے.ایس ایم تنویر نے کہا کہ آئندہ 2ماہ میں زراعت کے فروغ کیلئے 10 سالہ پلان دے دیں گے۔پانی کے ضیاع کو روکنے کے لئے اہم اقدامات کر رہے ہیں۔گریٹر تھل کنال منصوبہ مکمل کیا جائے گا اور پوٹھوہار ریجن میں 58 سمال ڈیمز فعال کریں گے۔انہوں نے کہا کہ کپاس کی پیداوار میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لا کر اضافہ کرنا وقت کا اہم تقاضا ہے۔کپاس پیدا کرنے والے ممالک میں باہمی سائنسی وتجارتی روابطہ کو بھی بڑھانا ہیاور کپاس کی انڈسٹری کو جدید تحقیق کے مطابق استوار کرنا ہےانہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب کپاس کی پیداوار کے حوالے سے ایک منفرد حیثیت رکھتا ہے. موجودہ حکومت کے اقدامات کے باعث کسانوں کو اعلی کوالٹی کے بیج و زرعی زہروں کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے .اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کپاس کی فصل ہماری معیشت کیلئے نہایت اہم ہے۔ماہ اپریل میں کپاس کی بحالی کے لئے شروع کئے گئے سفر کے اچھے نتائج برآمد ہوئے ہیں اوراس سال کپاس کے زیر کاشت رقبہ اور پیداوار میں گزشتہ سال کے مقابل 50 فیصد اضافہ ہوا ہے۔کپاس کی اس سال دوگنی پیداوار سے ملکی معیشت میں قیمتی زر مبادلہ کا اضافہ ہوگا۔اس موقع پر سابق وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی، سابق و فاقی وزراء سید خورشید شاہ، عبدالرحمٰن کانجو، ایڈیشنل چیف سیکرٹری جنوبی پنجاب کیپٹن ریٹائرڈ ثاقب ظفر، سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو، سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی راؤ آصف علی ،چیرمین پاکستان کاٹن جینرز ایسوسی ایشن وحید ارشد، زرعی ماہرین، کاشتکاروں، صنعت کاروں غیر ملکی مندوبین بھی موجو تھے .

☆☆☆☆